پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu

ویب سائٹ:www.rbi.org.in

ای-میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی-400001

فون:91 22 2266 0502 فیکس:91 22 22660358

15اپریل2020

بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 (اے اے سی ایس) سیکشن 35A جس کو سیکشن 56 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے کے تحت ہدایات

وی سٹی کوآپریٹو بینک لمیٹڈ، ممبئی، مہاراشٹر، مدت میں توسیع

وی سٹی کوآپریٹو بینک لمیٹڈ ممبئی، مہاراشٹر کو ریزروبینک نے اپنے 17 اپریل 2018 کے ڈائریکٹو ڈی سی بی ایس، سی او، بی ایس ڈی، آئی نمبر D-5/12.22.039/2017-18 کے ذریعہ 17اپریل 2018 کو کام کے اوقات کے بعد سے چھ ماہ کیلئے پابندیوں (ہدایات) کے تحت رکھا تھا۔ ان ہدایات کی ویلیڈٹی کو وقتاً فوقتاً بڑھایا جاتا رہا۔ پچھلی توسیع 15 اکتوبر، 2019 کے ڈائریکٹو ڈی سی بی آر، سی او، اے آئی ڈی نمبر D-27/12.22.039/2019-2020 کے ذریعہ نظرثانی کی شرط کے ساتھ 17اپریل 2020 تک کیلئے کی گئی تھی۔

2. اب عوام کی جانکاری کیلئے مطلع کیا جاتا ہے کہ ریزروبینک نے بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 35A کی ذیلی سیکشن (ا) جس کو سیکشن 56 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے، (جو کوآپریٹو سوسائٹیز پر لاگو ہے) کے تحت حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے یہ حکم دیا ہے کہ 17 اپریل 2018 کی ڈائریکٹو ڈی سی بی ایس، سی او، بی ایس ڈی آئی نمبر D-5/12.22.039/2017-18 جو 'وی سٹی کوآپریٹو بینک لمیٹڈ، ممبئی کو جاری کی گئی تھی اور اس میں وقتاً فوقتاً توسیع کی جاتی رہی ہیں اور آخری بار اس میں 17 اپریل 2020 توسیع ہوئی تھی۔ یہ ہدایات مزید 3 ماہ کیلئے 17 اپریل 2020 سے 18 جولائی 2020 تک اس بینک پر لاگو رہیں گی۔ یہ توسیع نظرثانی کی شرط کے ساتھ 17 اپریل 2020 کی ڈائریکٹو ڈی او آر، سی او، اے آئی ڈی نمبر D-68/12.22.039/2019-2020 کے ذریعہ کی گئی ہے۔

3. حوالہ جات ڈائریکٹو کی سبھی شرائط میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے، وہ ویسے ہی رہیں گی۔

4. 17 اپریل 2020 کی ڈائریکٹو جس میں مندرجہ بالا توسیع کا ذکر کیا گیا ہے، کی ایک کاپی عوام کی جانکاری کیلئے بینک احاطہ میں مظاہرہ کیلئے رکھی جائے۔

5. مندرجہ بالا توسیع /اور یا ترمیمات کا یہ ہرگز مطلب نہیں ہے کہ ریزروبینک آف انڈیا اس بینک کی مالیاتی حیثیت میں سدھار سے مطمئن ہے۔

یوگیش دیال

چیف جنرل منیجر

پریس ریلیز: 2019-2020/2220